تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 12, 2023

پریس ریلیز

## عزت مآب صدر جمہوریہ بھارت کی جانب سے سعودی پرنس کے اعزاز میں منعقد پروگرام میں شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے شرکت کی

عزت مآب صدر جمہوریہ بھارت محترمہ دروپدی مرمر کی جانب سے سعودی شیخ اور سعودی عرب کے وزیر اعظم فضیلتہ الشیخ شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کے اعزاز میں گیارہ ستمبر دو ہزار تیئس کو راشٹر پتی بھون میں منعقد پروگرام میں (پدم شری) پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے شرکت کی۔

پروگرام کے دوران انھوں نے ہندوستان کے وزیر اعظم عزت مآب جناب نریندر مودی، دیگر مندوبین اور مہمانان سے ملاقات کی۔ راشٹر پتی بھون کی طرف سے جاری بیان کے مطابق صدر جمہوریہ نے اس موقع پر ارشاد فرمایا کہ ''گزشتہ برسوں میں بھارت کے ساتھ سعودی عرب کے ساجھیداری میں معیشت کا حصہ بڑھا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت کے مختلف شعبہ جات میں سعودی عرب کی بڑھتی سرمایہ کاری کے لیے بے شمار مواقع ہیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی